## تولیہ فیکٹری میں بوائلر پھٹنے کے واقعہ میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔24، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں تولیہ فیکٹری کا بوائلر پھٹنے سے آٹھ افراد کے جاں بحق ہونے اور درجنوں افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے تولیہ فیکٹری کے واقعہ میں جاں بحق افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ انہوں نے زخمی ہونے والے افراد کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## اپوزیشن میں شامل مذہبی جماعتیں طالبان اور القاعدہ کی بھرپور معاونت کرتی رہی ہیں، طارق جاوید
## اے پی ڈی ایم ان جماعتوں کے بارے میں کیا فیصلہ کرے گی جن کے گھروں
## سے القاعدہ اور طالبان کے لوگ مستقلاً تواتر کے ساتھ برآمد ہورہے ہیں؟
## اگر اپوزیشن جماعتوں نے جواب نہ دیا تو قوم یہ سمجھنے میں حق بجانب ہوگی کہ لندن کانفرنس میں
## متحدہ قومی موومنٹ کے خلاف قرارداد منظور کرنے کا عمل ان کی شاؤنسٹ اور متعصب ذہنیت پرمبنی ہے

لندن۔۔۔24، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید نے گزشتہ روز ایک مذہبی جماعت کے رہنماء کے گھر سے طالبان سے تعلق رکھنے والے تین رہنماؤں کی گرفتاری اور قتل، اغواء برائے تاوان اور دہشت گردی کی سینکڑوں وارداتوں میں ملوث طالبان کمانڈر عبداللہ محسود کی بم دھماکہ میں ہلاکت پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اپوزیشن میں شامل مذہبی جماعتیں طالبان اور القاعدہ کی بھرپور معاونت کرتی رہی ہیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اس سے قبل بھی بین الاقوامی دہشت گرد جماعت اسلامی کے رہنماؤں کے گھروں سے طالبان اور القاعدہ کے رہنما درجنوں کی تعداد میں گرفتار ہوئے تھے اور اب ایک اور مذہبی جماعت کے رہنما کے گھر سے طالبان کے دہشت گردوں کی گرفتاری عمل میں آئی ہے لہٰذا لندن میں اپوزیشن جماعتوں کی کانفرنس جس میں ایم کیو ایم پر جھوٹے اور بے بنیاد الزامات عائد کرکے اس سے اتحاد نہ کرنے کی قرارداد منظور والی اے پی ڈی ایم میں شامل جماعتیں، ان مذہبی جماعتوں کے بارے میں کیا فیصلہ صادر فرمائیں گی جن کے گھروں سے القاعدہ اور طالبان کے لوگ مستقلاً تواتر کے ساتھ برآمد ہورہے ہیں؟ طارق جاوید نے سوال کیا کہ اپوزیشن جماعتیں اب دہشت گردوں کو پناہ دینے والی ان جماعتوں کو اے پی ڈی ایم میں شامل رکھنے یا نہ رکھنے کے بارے میں قوم کو کیا جواب دیں گی کیونکہ پاکستانی قوم کا ہر ذی شعور فرد اس حوالے سے اے پی ڈی ایم کے فیصلے کا بے چینی سے انتظار کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیا ان ثبوت وشواہد کے باوجود اے پی ڈی ایم ان جماعتوں کو اپنے ساتھ شامل رکھے گی؟ انہوں نے مزید کہا کہ قوم بار بار یہ سوال کررہی ہے کہ لندن کانفرنس میں صرف متحدہ قومی موومنٹ سے اتحاد نہ کرنے کی قرارداد کیوں منظور کی گئی تھی؟ اگر اپوزیشن جماعتوں نے قوم کو جواب نہ دیا تو قوم یہ سمجھنے میں حق بجانب ہوگی کہ اے پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں نے متحدہ قومی موومنٹ کے خلاف قرارداد منظور کرنے کا عمل ان کی شاؤنسٹ اور متعصب ذہنیت پرمبنی ہے۔

## ایم کیوایم کینیڈا کا ٹورانٹو ایسٹ یونٹ کے انچارج سے اظہار تعزیت

ٹورانٹو۔۔۔24، جولائی 2007ء

ایم کیوایم کینیڈا کے نگراں ڈاکٹر سید علی، قائم مقام سینٹرل آرگنائزر شکیل اختر اور آرگنائزنگ کمیٹی کے دیگر ارکان نے ایم کیوایم ٹورانٹو ایسٹ یونٹ کے انچارج سید اشرف علی کے ماموں زاد بھائی محمد سلیم برنی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین) دریں اثناء آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے سید اشرف علی کی ہمشیرہ کی علالت پر تشویش کا اظہار کیا اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ زون کے کارکن فیض محمد بروہی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔24، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ زون کے جواں سال کارکن فیض محمد بروہی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین)

## قمبر شہدادکوٹ زون کے کارن فیض محمد بروہی انتقال کر گئے، مرحوم جگر کے عارضے میں مبتلا تھے

قمبر شہدادکوٹ۔۔۔24، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ قمبر شہدادکوٹ زون یونٹ شہدادکوٹ B کے جواں سال کارکن فیض محمد بروہی ولد جان محمد بروہی آج انتقال کر گئے (انا اللہ وانا الیہ راجعون) فیض محمد بروہی کی عمر 21 سال تھی اور وہ عرصہ دراز سے جگر کے عارضے میں مبتلا تھے۔ گذشتہ روز ان کی طبیعت اچانک خراب ہوگئی جس کے باعث انہیں فوری طور پر اسپتال جایا گیا تاہم وہ راستے میں ہی اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ مرحوم کے سوگواران میں والدین، بہن اور بھائی شامل ہیں۔ دریں اثناء فیض محمد بروہی مرحوم کو شہدادکوٹ قمبرانی قبرستان میں آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں قمبر شہدادکوٹ زون کے انچارج وارا کین، ایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز وا قارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مزید براں حق پرست صوبائی مشیر حسین بخش سولنگی نے فیض محمد بروہی مرحوم کی رہائشگاہ جا کر سوگوار لواحقین سے ملاقات کی اور ان سے دلی تعزیت کا اظہار کیا وہ کچھ دیر تک سوگواران کے ہمراہ رہے اور انہوں نے مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ کے کارکن اور لاڑکانہ زون کے کارکن کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔24، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ یونٹ B کے کارکن فیض محمد بروہی اور ایم کیوایم لاڑکانہ زون یونٹ سٹی D کے یونٹ انچارج اول علی جوکیو کے والد محمد علی جوکیو کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## سابق سفیر سید ارتضیٰ حسین مرحوم کی فاتحہ سوئم میں حق پرست ارکان اسمبلی کی شرکت

کراچی۔۔۔24، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی سید اخلاق حسین عابدی اور رکن سندھ اسمبلی سید اختر بلگرامی نے سابق سفیر سید ارتضیٰ حسین مرحوم کی فاتحہ سوئم میں شرکت کی۔ سوئم کا اجتماع امام بارگاہ یثرب فیز 4 ڈیفنس میں منعقد ہوا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی گئی۔اس موقع پر حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے سید ارتضی حسین مرحوم کے سوگواران سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔

## ضلع دادو میں سیلابی متاثرین کیلئے ایم کیو ایم کی امدادی سرگرمیاں
## یوسی فرید آباد کے گاؤں چارو کے سینکڑوں خاندانوں میں غذائی اجناس تقسیم کی گئیں

دادو۔۔۔24، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ اور اس کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے دادو کی تحصیل میہڑ میں سیلابی ریلے سے متاثرہ افراد کی امداد کا سلسلہ جاری ہے۔امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیو ایم دادو زونل کمیٹی کے ارکان نے امدادی ٹیم کے اراکین کے ہمراہ ضلع دادو کی یوسی فرید آباد کے چارو گاؤں کا دورہ کیا اور سیلاب سے متاثرہ خاندانوں سے ملاقاتیں کر کے ان سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔اس موقع پر انہوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے چارو گاؤں کے متاثرہ خاندانوں میں غذائی اجناس اور دیگر امدادی اشیاء بھی تقسیم کیں۔اس موقع پر انہوں نے متاثرہ خاندانوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ضلع دادو میں سیلابی ریلے اور بارشوں کے باعث متعدد تحصیلوں کے گاؤں زیر آب آ گئے تھے جنہیں الحمداللہ ایم کیو ایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی ٹیموں نے نہ صرف غذائی اجناس فراہم کیں بلکہ انہیں علاج و معالجہ کی سہولیات بھی فراہم کی جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم انسانیت کی خدمت کے جذبے سے سرشار اور دکھی انسانیت کی عملی خدمت کر رہی ہے۔اس موقع پر متاثرہ خاندانوں نے ایم کیو ایم کی امدادی ٹیم کے ارکان سے تشکر کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت و تندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

☆☆☆☆☆